

Jubilee
FAMILY TAKAFUL

# جوبلی تکافل وقار پلان

## ویلتھ مینجمنٹ پلان

HBL

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز

ہم سب کی خواہش ہوتی ہے کہ ہم اور ہماری فیملی خوشگوار زندگی گزارے اور یہ خواہش خاص طور پر ان کے تحفظ اور مالی استحکام کا تقاضہ کرتی ہے جو کہ انہیں اس بات کی یقین دہانی کراتی ہے کہ آپ ان کے درمیان موجود نہ بھی ہوں تو بھی وہ سکون واطمینان کی زندگی گزار سکیں۔

جوبلی لائف انشورنس کمپنی ونڈو تکافل آپریشنز اس کے تقسیم کار شراکت دار حبیب بینک لمیٹڈ کے ساتھ آپ کے لئے لائے ہیں ''جوبلی تکافل وقار پلان'' جو کہ مالی اعتبار سے مستحکم افراد کے لئے مرتب کیا گیا پلان ہے جس میں زیادہ ایلوکیشن اور آپ کے مقاصد کے حصول کی یقین دہانی کے ساتھ ساتھ اپنے پیاروں کو بہترین مالی تحفظ بھی فراہم کرنے کی سہولت موجود ہے۔

جوبلی تکافل وقار پلان آپ کو شریعت کے اصولوں کے مطابق انتخاب کا موقع فراہم کرتا ہے جس میں نہ صرف آپ اپنے مالی اہداف کا انتخاب کر سکتے ہیں بلکہ اپنے پیاروں کے لئے جوبلی تکافل وقار پلان کی مدد سے دائمی خودمختاری کی بدولت ذہنی سکون بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

## پلان کی خصوصیات:

- آپ اپنی مالی حیثیت کے مطابق ہر سال اپنے کنٹری بیوشن میں سے کم سے کم یا زیادہ سے زیادہ رقم کا انتخاب کر سکتے ہیں۔
- آپ کنٹری بیوشن کی رقم سالانہ یا ششماہی ادا کر سکتے ہیں۔
- آپ اپنی سیونگز اور تحفظ کا اپنی ضرورت کے مطابق انتخاب کر سکتے ہیں۔
- آپ اپنے تحفظ کو مزید مستحکم کرنے کے لئے اختیاری تکافل فوائد کا بھی انتخاب کر سکتے ہیں۔
- **پارٹیسپنٹ ممبرشپ کے دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے اندر ممبرشپ کو منسوخ کرواسکتا ہے۔**

## فیملی تکافل پلان کیا ہے؟

فیملی تکافل پلانز باہمی تعاون، استحکام اور کمیونٹی کے فوائد کے لئے شرعی اصولوں کی مدد سے ترتیب دیا جاتا ہے۔ تکافل کے زیرِ انتظام افراد باہمی تعاون کی بنیاد پر آپس میں ایک دوسرے کے مستقبل میں ہونے والے خطرات کو تقسیم کرتے ہیں۔

## تکافل کیا ہے؟

"تکافل" عربی زبان کا ایک لفظ ہے۔ جس کا مطلب باہم ایک دوسرے کا ضامن بننا ہے۔ یہ ایک مشترکہ پولنگ سسٹم ہے۔ جو کہ بھائی چارہ اور باہمی تعاون کی بنیاد پر مبنی ہے۔ جہاں پارٹسپنٹس ضرورت کے موقع پر ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔

## تکافل کے بنیادی اصول:

1۔ پارٹسپنٹس "تبرع" کی بنیاد پر ایک دوسرے کو ممکنہ خطرات سے محفوظ رکھنے کے لئے وقف پول میں ایک مقررہ رقم ادا کرتے ہیں جسے "کنٹری بیوشن" کہا جاتا ہے اور اس فنڈ کو "وقف فنڈ" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

2۔ ونڈو تکافل آپریٹر بحیثیت وکیل وقف فنڈ کا انتظام وانصرام کرتا ہے جسے انفرادی فیملی تکافل شرکاء کے فنڈ (IFTPF) سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

3۔ کلیمز کی ادائیگی انفرادی فیملی تکافل شرکاء کے فنڈ (IFTPF) سے کی جاتی ہے۔

4۔ سرپلس ہونے کی صورت میں (IFTPF) میں موجود رقم کی تقسیم شریعہ ایڈوائزر اور کمپنی کے منتخب کردہ ایکچوریز کی منظوری سے کی جاتی ہے۔

## اہلیت :

اگرآپ کی عمر 18 سال سے 65 سال تک ہےتو آپ جوبلی تکافل وقار پلان سے فائدہ حاصل کرسکتے ہیں جسکا مطلب یہ ہے کہ آپ اپنی وقت آپکی عمر ممبرشپ کو 10 سال سے 25 سال تک برقرار رکھ سکتے ہیں بشرطیکہ میچورٹی کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر 75 سال ہو(یہ تمام فوائد ممبر شپ کے اورآپکی ضروریات کے مطابق ہونگے )۔

**نوٹ:** براہ کرم ایچ بی ایل کی برانچز میں موجود تکافل کے منتخب کردہ نمائندے سے رابطہ کیجئے جوآپ کی ضروریات کے مطابق مناسب پلان پیش کر سکے گا برانچ کی تفصیلات ویب سائٹ www.hbl.com پر موجود ہیں۔

## پلان کے فوائد:

- **تکمیلِ مدت کا فائدہ:**
  آپ کو بخیر وعافیت جوبلی تکافل وقار پلان کی مدت مکمل ہونے کی صورت میں آپ کے فنڈ میں موجود جوبھی قدر نقد رقم ہو ادا کردی جائے گی۔

- **وفات کی صورت میں :**
  خدانخواستہ آپ کے دنیا میں نہ رہنے کی صورت میں آپ کے نومنی (منتخب کردہ شخص) کوموجودہ اثاثہ کی قدر نقد یا تحفظاتی فنڈ کی رقم (میں سے جوزیادہ ہو) انڈر رائٹنگ کی جانب سے بتائی جانے والی تفصیلات کے مطابق ادا کردی جائے گی۔ یہ پلان آپ سے وابستہ ضروریات کا تحفظ کرتا ہے جس میں آپ کا تحفظاتی کور سالانہ بنیادی کنٹری بیوشن کا 5 سے 25 کور ملٹیپل ہوسکتا ہے۔

## ضمنی اختیاری تکافل فوائد: (Optional Supplementary Takaful Benefit)

یہ پلان آپکو اضافی فوائد حاصل کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔

- **ضمنی تکافل فائدہ برائے خاندانی سہ ماہی آمدنی: (Family Income Supplementary Takaful Benefit)**
  پارٹسپینٹ کی وفات کی صورت میں فیملی کو پابندی سے سہ ماہی آمدنی فراہم کی جائے گی جو کہ ضمنی تکافل فوائد کی متعینہ مدت کے اختتام تک جاری رہے گی۔

- **ضمنی تکافل فائدہ برائے حادثاتی موت:(Acceidental Death Supplementary Takaful Benefit)**
  اس ضمنی فائدہ کے تحت پارٹسپنٹ کے حادثاتی موت کی صورت میں پارٹسپنٹ کے جانب سے منتخب کردہ وارث یا ئی ورثاء کو نقد رقم (جو کہ پلان کی مد میں موت کی صورت میں ادا کی جانے والی رقم کے علاوہ ہوگی) ادا کردی جائے گی ۔

- ضمنی تکافل فائدہ برائے حادثاتی موت یا جزوی مستقل معذوری:
**(Accidental Death or Dismemberment Supplementary Takaful Benefit)**

اس ضمنی فائدہ کے تحت حادثاتی موت یا کسی عضو کے ضائع ہو جانے کی صورت میں معذوری کی شدت کے مطابق مکمل یا جزوی فوائد کی ادائیگی کی جائے گی۔

## کنٹری بیوشن کی ادائیگی:

آپ مندرجہ ذیل ٹیبل کے مطابق کم سے کم کنٹری بیوشن ادا کر سکتے ہیں۔

| اقساط میں سہولت | کم از کم رقم |
|---|---|
| سالانہ | 1,000,000 روپے |
| ششماہی | 500,000 روپے |

## کنٹری بیوشن ایلوکیشن:

یونٹ اکاؤنٹ میں مختص ہونے والے کنٹری بیوشن کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں۔

| ممبر شپ کے سال | مختص ہونے والی % |
|---|---|
| 1 سال | 65% |
| 2 سال | 95% |
| 3 سال اور زائد | 100% |

ٹاپ اپ کنٹری بیوشن 100% ہوگی۔

## آپ کے پارٹسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ میں مختص ہونے والی بونس ایلوکیشن* مندرجہ ذیل ٹیبل کے مطابق ہوگی۔

| ممبر شپ کے سال | مختص ہونے والی % |
|---|---|
| 5 سال | 3% |
| 7 سال | 7% |
| 10 سال | 15% |
| 15 سال | 20% |
| 20 سال | 25% |
| 25 سال | 30% |

*بونس ایلوکیشن شرائط و ضوابط پر منحصر ہیں۔

## شریعہ کمپلائنٹ فنڈز:

شریعہ کمپلائنٹ فنڈز وہ فنڈز ہیں جہاں شریعت کے اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری کی جاتی ہے جس میں اسلامک ایکویٹیز، صکوک، اسلامک ٹرم سرٹیفکیٹس، اسلامک میوچل فنڈز، اسلامک بینکنگ انسٹی ٹیوشنز وغیرہ شامل ہیں جو کہ ربا (سود)، قمار (جوا)، غرر (دھوکہ) جیسی خرابیوں سے پاک ہیں۔

## ہمارے شریعہ ایڈوائزر:

ہماری تمام پروڈکٹس ایک ماہر باصلاحیت شرعی ایڈوائزر کی زیرِنگرانی شریعت کے اصولوں کے مطابق منظور شدہ ہوتی ہیں۔ اسکے ساتھ ساتھ شریعہ کمپلائنز ڈیپارٹمنٹ سرمایہ کاری اور آپریشنل مسائل کو شریعت کے اصولوں کے مطابق رہنمائی اور حل فراہم کرتا ہے۔ کمپنی کے شریعہ کمپلائنز کو مزید مستحکم کرنے کے لئے ایکسٹرنل شریعہ آڈٹ بھی کیا جاتا ہے۔

## جوبلی فیملی تکافل کی جانب سے میرا کنٹری بیوشن کس طرح مینج کیا جائے گا؟

آپکے دیئے جانے والے کنٹری بیوشن کی سرمایہ کاری آپکی مرضی کے مطابق شریعہ کمپلائنٹ فنڈز میں کی جائے گی۔

| | |
|---|---|
| فیملی تکافل انکم فنڈ | فیملی تکافل انکم فنڈ شریعہ کمپلائنٹ انسٹرومنٹ میں سرمایہ کاری کر کے درمیانی مدت سے طویل مدتی تک کم سے کم خطرہ کے ساتھ پائیدار منافع فراہم کرنے پر مرکوز ہے۔ |
| فیملی تکافل بیلنسڈ فنڈ | فیملی تکافل بیلنسڈ فنڈ شریعہ کمپلائنٹ انسٹرومنٹ کی وسیع رینج کے بیلنسڈ پورٹ فولیو کے ساتھ سرمایہ کاری پر مسابقتی منافع فراہم کرنے پر مرکوز ہے۔ |

آپ کے کنٹریبیوشن کو بطور ڈیفالٹ فیملی تکافل انکم فنڈ جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز میں مختص کیا جائے گا جو درمیانی مدت سے طویل مدتی تک، مختلف شرعی مطابقت رکھنے والے سیکیورٹیز کے متنوع پورٹ فولیو میں بشمول منی مارکیٹ اور ڈیٹ انسٹرومنٹ سرمایہ کاری کر کے کم سے کم خطرہ کے ساتھ پائیدار منافع فراہم کرتا ہے۔ اس کی ایکویٹی سیکیورٹیز میں کوئی سرمایہ کاری نہیں ہے۔

تاہم، آپ کے پاس اعلانیہ فارم پر دستخط کر کے ڈیفالٹ انویسٹمنٹ فنڈ کے علاوہ اپنی پسند کے کسی بھی فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا اختیار ہے۔

ان فنڈز کا انتظام ماہر انوسمنٹ منیجرز کے ذریعہ شریعہ ایدوائزر کی رہنمائی میں کیا جاتا ہے تاکہ سخت شرعی تعمیل کے تحت قابل انتظام اور برداشت خطرے کے ساتھ مطلوبہ منافع کو یقینی بنایا جاسکے۔

منصوبے کی مدت کے دوران آپ کے کنٹریبیوشن سے سرمایہ کاری کے منافع حاصل ہوں گے۔ منتخب شدہ مدت کے اختتام پر، آپ کو اپنی جمع شدہ نقد قیمت یکمشت میں مل جائے گی۔

**نوٹ:** ان فنڈز کی ماضی کی کارکردگی لازمی طور پر ان فنڈز میں سے کسی کی مستقبل کی کارکردگی کی ضمانت نہیں ہے۔

جوبلی لائف فیملی تکافل کے فنڈز کی یونٹ کی قیمتیں باقاعدگی سے معروف روزناموں میں اور جوبلی لائف فیملی تکافل کی ویب سائٹ www.jubileefamilytakful.com پر شائع ہوتی ہیں۔

## کیا میں اس پلان سے بوقتِ ضرورت رقم حاصل کرسکتا ہوں؟

- **جزوی رقم حاصل کرنا:**

اگر آپ کسی اچانک درپیش ضرورت کی وجہ سے کیش نکلوانا چاہتے ہیں لیکن ممبر شپ کو سرینڈر نہیں کرنا چاہتے تو آپ کم سے کم نکالی جانے والی رقم کی حد تک رقم نکلوا سکتے ہیں بشرطیکہ رقم نکلوانے کے بعد آپ کے PIA میں* 250,000 روپے موجود ہوں۔ جزوی طور پر رقم نکلوانے کے باوجود بھی آپ تکافل کور کی وصولی جاری رکھ سکیں گے۔ حالانکہ جزوی طور پر رقم نکلوانے کی مدت میں سم ایٹ رسک کو برقرار رکھنے کے لیے آپ کی کور ہونے والی رقم کے اندر کمی ہو جائے گی۔

*بقیہ رقم تبدیلی سے مشروط ہے اور جوبلی لائف انشورنس- ونڈو تکافل آپریشنز اس میں ردّو بدل کر سکتی ہے۔

- **مکمل رقم حاصل کرنا:**

آپ کسی بھی وقت اپنے پلان کو سرینڈر کر سکتے ہیں۔ مکمل دستبرداری کے وقت آپ کو فنڈ میں موجود نقد رقم ادا کر دی جائے گی اگر ممبر شپ کے قریب ترین سالوں میں مکمل دستبرداری کی گئی تو کیش ویلیو کم ہو سکتی ہے۔

**بڑھتے ہوئے افراطِ زر کا مقابلہ:**

بڑھتے ہوئے افراطِ زر کا مقابلہ کرنے کے لئے آپ کو اپنی ممبر شپ میں سے انڈیکسیشن کے انتخاب کا آپشن ملتا ہے۔ اِس آپشن کے انتخاب کی وجہ سے آپ کا کنٹری بیوشن ہر سال کمپنی کی تعین کردہ حد کے اندر خود مختار طریقے سے بڑھتا رہے گا۔

بہرحال آپ جب تک چاہیں، آپ کے پاس انڈیکسیشن کو منسوخ کرنے کا حق برقرار رہے گا۔

## جوبلی تکافل وقار پلان میں کیا فیس شامل ہیں؟

جوبلی تکافل وقار پلان میں مندرجہ ذیل فیس شامل ہیں۔

| وکالتہ الاستثمار *(درج ذیل پر مشتمل ہے) | |
|---|---|
| ابتدائی چارج | 5% بڈ آفر اسپریڈ |
| ایلوکیشن فیس | ریگولر بیسک کنٹری بیوشنز جو پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ PIA میں مختص نہیں ہوئے ہوں۔ |
| انویسٹمنٹ مینجمنٹ فیس | سالانہ 1.5% نیٹ ایسٹ ویلیو PIA کا حصہ ہو۔ |
| منتقلی فیس | ممبر شپ سال میں چار مرتبہ سے زائد ہر مرتبہ 500 روپے چارج ہوں گے۔ |
| ایڈمنسٹریشن فیس* | ہر ماہ 145 روپے |
| تکافل کنٹری بیوشن | SECP سے منظور شدہ اصولوں کے مطابق PIA اکاؤنٹ سے کنٹری بیوشن کی کٹوتی ہوگی اور IFTPF میں منتقل ہوگی، اور تحفظاتی فوائد کی ادائیگی IFTPF سے کی جائیگی۔<br>• ہر تکافل کنٹری بیوشن کا 40% پارٹیسپنٹ ممبر شپ ڈاکیومنٹ میں موجود تفصیلات کے مطابق فوائد کی ادائیگی کے لئے مختص ہوگا۔<br>• ہر تکافل کنٹری بیوشن کا 40% ضمنی تکافل فوائد کے دستاویزات میں موجود تفصیلات کے مطابق ضمنی تکافل فوائد کی ادائیگی کے لئے مختص ہوگا۔ |
| IFTPF سے وصول کی جانے والی وکالہ فیس* | IFTPF سے وکالہ فیس کے طور پر کٹوتی کی جاتی ہے۔ |
| مضارب شیئر*<br>سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والی آمدنی کے ذریعے کنٹری بیوشن | ونڈو تکافل آپریٹر (مضارب)، IFTPF (رب المال) کی سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والے منافع میں مضاربہ کی بنیاد پر 40% کا حقدار ہوگا۔ |

*ونڈو تکافل آپریٹر کی جانب سے اس میں تبدیلی بھی کی جاسکتی ہے۔

## منافع کی تقسیم:

جوبلی تکافل وقار پلان اپنے پارٹسپنٹ کو صرف تحفظ ہی نہیں بلکہ IFTPF میں بچ جانے والی رقم (سرپلس) بھی پیش کرتا ہے جو عقد تبرّع کی بنیاد پر دی گئی رقوم سے کلیمز کی ادائیگی اور دیگر اخراجات منہا کرنے کے بعد درج ذیل ترتیب سے ادا کئے جائینگے۔ اگر بیان کی گئی مدت کے اختتام پر کلیمز کی ادائیگی اور دیگر اخراجات منہا کرنے کے بعد کچھ اضافی رقم بچ گئی تو وہ رقم درج ذیل مقاصد کے لئے استعمال کی جائے گی۔

1۔ فنڈ کا ایک حصہ وقف پول کو مستقبل میں مستحکم کرنے کیلئے مختص کیا جائے گا تا کہ آئندہ آنے والے بڑے کلیمز کی ادائیگی میں سہولت فراہم کر سکے۔

2۔ باقی موجودہ رقم (سرپلس) پارٹسپنٹس میں منصفانہ طور پر تقسیم کی جائے گی۔

ونڈو تکافل آپریٹر منافع کسی بھی صورت میں اپنی ملکیت میں نہیں لے سکتا سرپلس ہمیشہ پول اور عوام کے مفاد میں استعمال کئے جائینگے۔

## فری لک پیریڈ:

جوبلی تکافل وقار پلان آپ کو آفر کرتا ہے 14 دن کا فری لک پیریڈ جس میں آپ پلان کے تمام اصول وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور ممبرشپ ختم کر سکتے ہیں، جبکہ آپ کا کنٹری بیوشن ممبرشپ کے دستاویزات کی رسید کے 14 دن کے اندر آپ کی تحریری درخواست پر آپ کو واپس کر دیا جائے گا۔ جس میں آپ کی میڈیکل فیس اور دیگر اخراجات کی کٹوتی شامل ہوگی اور اگر آپ کے کنٹری بیوشن سے وقف پول میں دی جانے والی کوئی رقم ہوئی تو اس کی بھی کٹوتی کی جاسکتی ہے۔

## تکافل وقار پلان کے یونٹس میں سرمایہ کاری سے متعلق کیا رسک ہیں؟

- جوبلی تکافل وقار پلان پر اثر انداز ہونے والا رسک مارکیٹ کے رسک پر منحصر ہے ممکن ہے یونٹس کے ریٹ کم ہو جائیں، بڑھ جائیں یا کچھ بھی تبدیلی نہ ہو۔
- فنڈز کی گزشتہ کارکردگی کی بنیاد پر مستقبل کی کارکردگی کی پیشن گوئی نہیں کی جاسکتی۔

## ضروری معلومات:

- یہ پروڈکٹ جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔ایچ بی ایل پاکستان اس سے متعلقہ کسی چیز کا ضامن نہیں ہوگا اور نہ ہی یہ پروڈکٹ بینک کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔
- جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ونڈو تکافل آپریشنز اپنے موجودہ فنڈ سے متعلق مستقبل کے لئے کوئی پیشن گوئی فراہم نہیں کریگا۔ فنڈ سے متعلق بتائی گئی کسی پیشن گوئی کا جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ونڈو تکافل آپریشنز ذمہ دار نہیں ہوگا اور نہ ہی بینک ضامن ہوگا۔
- ذاتی السٹریشن تکافل کنسلٹنٹ کی جانب سے فراہم کی جائیگی۔ازراہِ کرم السٹریشن میں دی گئی تمام تفصیلات اور مختلف شرائط اچھی طرح سمجھ لیں۔
- براہِ کرم پارٹسپنٹ ممبرشپ دستاویز (PMD) میں دی گئی تمام تفصیلات اور مختلف شرائط اچھی طرح سمجھ لیں۔
- ممبرشپ حاصل کرتے وقت پارٹسپنٹ کی عمر 55 سال ہو یا قریب ترین تاریخ پیدائش اسکے قریب ہو تو ضمنی تکافل فوائد دیئے جاسکتے ہیں۔
- ایچ بی ایل پاکستان، جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ونڈو تکافل آپریشنز کی پروڈکٹ کو مہیا کرنے والا ہے۔ایچ بی ایل پاکستان فوائد حاصل کرنے والے یا کسی بھی فرد کے لئے ضامن نہیں ہوگا۔
- جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز IFTPF کی جانب سے اس تکافل کور کا انڈر رائٹر اور فراہم کنندہ ہے اور ممبرشپ کی خدمت، لاجمنٹ، پروسیسنگ اور کورڈ کسٹمرز اور بینیفیشریز کے کلیم کے تصفیہ کا ذمہ دار ہے۔
- سرمایہ کاری میں نقصان کے خدشات پارٹسپنٹ کی جانب سے تصور کئے جائیں گے، تکمیل مدت کے وقت یا ممبرشپ ختم کرنے کے وقت اصل رقم بیان کردہ رقم کے مقابلے میں کم یا زیادہ ہوسکتی ہے۔ اگر پارٹسپنٹ پہلے سے طے شدہ فنڈ کے علاوہ کسی اور فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا انتخاب کرتا ہے تو اس کے لیے اعلامیہ پر دستخط کرنا ضروری ہے۔
- ازراہ کرم بنیادی فنڈ کے ٹارگٹ ایسٹ مکس کی معلومات کے لئے جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ونڈ تکافل آپریشنز کی ویب سائٹ پر رجوع کریں:(https://jubileefamilytakaful.com/jubilee-family-takaful-funds/fund-manager-reports/)

## رابطے کے لئے تفصیلات:


**جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ**

ونڈو تکافل آپریشنز

74/A-1، لالہ زار، مولوی تمیزالدین خان روڈ، کراچی، 74000، پاکستان۔

فون نمبر: (021) 32120201, 35205094

فیکس نمبر: (021) 35610959

یواے این: (021) 111-111-554

ایس ایم ایس: اپنا سوال لکھ کر 8554 پر ارسال کریں

ای میل: info@jubileelife.com، complaints@jubileelife.com

ویب سائٹ: www.jubileefamilytakaful.com

**حبیب بینک لمیٹڈ**

یواے این: 111-111-425

ویب سائٹ: www.hbl.com

# جوبلی فیملی تکافل ۔ جوبلی تکافل وقار پلان کی شرعی حیثیت

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر کی حیثیت سے، میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ جوبلی فیملی تکافل کا **جوبلی تکافل وقار پلان** وقف اور وکالت کے اصولوں پر مبنی ہے۔ میں نے اس سے متعلقہ تمام امور جس میں دستاویزی کاغذات بشمول ممبرشپ دستاویز کا بغور جائزہ لیا ہے مزید یہ کہ فیملی تکافل کی سرمایہ کاری اور اس سے متعلقہ تمام فنڈز کا جائزہ لیا ہے اور بحمداللہ ان تمام امور کو شریعت کے اصولوں کے مطابق پایا ہے۔

میری رائے میں جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے جوبلی فیملی تکافل کے **جوبلی تکافل وقار پلان** کی رکنیت لینا، وقف فنڈ میں تعاون کرنا اور اس سے فائدہ حاصل کرنا شرعاً جائز ہے۔

مفتی ذیشان عبدالعزیز

شرعی مشیر